12610-روزہ دار کا سنگی لگوانا

سوال

کیا رمضان المبارک میں دن کے وقت سنگی لگوانے اور لگانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟
اور اس کا حکم کیا ہو گا آیا وہ اس کی قضاء کریں گے یا ان پر کیا ہے ،مجھے امید ہے آپ مستفید فرمائیں گے ؟

پسندیدہ جواب

سنگی لگانے اور لگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ، اس کے ساتھ انہیں اس دن کھانے پینے سے رکنا ہو گا اور بعد میں اس دن کی قضاء بھی کرینگے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(سنگی لگانے اور لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا) سنن ابوداود حدیث نمبر (2367) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1679) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود (2074) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .